بیاد گارِ مرحوم پیرزادہ محمد یوسف قادری صاحب
آفاق
Daily AFAAQ Srinagar
جمعۃ المبارک ۲۲ مئی ۲۰۲۶ء بمطابق ۵ ذی الحجہ ۱۴۴۷ھ

## اقوال زریں

جو اپنی خامیوں کو پہچان لے، اس کا زیادہ تر سفر مکمل ہو جاتا ہے۔ کنفیوشس

## عیدالاضحیٰ کی آمد اور مہنگائی کا طوفان

عیدالاضحیٰ کی آمد کے ساتھ ہی حسبِ روایت اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔ عوام پہلے ہی مہنگائی کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں اور اب منافع خوروں نے اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے کھانے پینے کی بنیادی اشیا تک کے نرخ بڑھا دیئے ہیں۔ صورتحال یہ ہے کہ کشمیر میں بازاروں میں کسی قسم کی باقاعدہ ریٹ لسٹ دستیاب نہیں، اور دکاندار من مانی قیمتیں وصول کر کے شہریوں کو شدید پریشانی سے دوچار کر رہے ہیں۔

اگرچہ بازاروں کی نگرانی کے لئے حکومتی ٹیمیں موجود ہیں، مگر ان کی کارکردگی انتہائی غیر مؤثر دکھائی دیتی ہے۔ گاہک سے زیادہ تر دکاندار کا موقف مضبوط دکھائی دیتا ہے کیونکہ نگرانی کمزور ہے اور جرمانوں یا کارروائیوں کا کوئی خوف نہ ہونے کے برابر ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پرائس کنٹرول کا پورا نظام صرف کاغذوں تک محدود ہو کر رہ گیا ہے۔

عید کے ایام میں سب سے زیادہ مانگ گوشت، بیکری آئٹمز اور دیگر خوراکی اشیا کی ہوتی ہے، مگر بدقسمتی سے ان کی معیار بندی اور صفائی پر سنجیدگی سے توجہ نہیں دی جاتی۔ ماضی میں ناقص اور غیر معیاری گوشت کی فروخت کے کئی واقعات سامنے آ چکے ہیں جنہوں نے عوام میں شدید بداعتمادی پیدا کی ہے۔ اس پس منظر میں ضروری ہے کہ حکومت نہ صرف قیمتوں بلکہ معیار کی نگرانی کے لئے بھی متعدد فعال ٹیمیں تشکیل دے، جو اچانک چھاپے مار کر صورتحال کا جائزہ لیں اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کریں۔

سب سے تشویش ناک پہلو قربانی کے جانوروں کی فروخت ہے۔ اس وقت مختلف مقامات پر بھیڑ اور دیگر جانور اپنی مرضی کے نرخوں پر فروخت ہو رہے ہیں۔ کوئی سرکاری ریٹ مقرر نہیں اور نہ ہی انتظامیہ کی جانب سے واضح چیکنگ نظر آتی ہے۔ یوں لگتا ہے جیسے عوام ان تاجروں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیئے گئے ہوں۔ قربانی جیسے مذہبی فریضے کو نبھانے والے لوگوں کا استحصال کسی صورت قابل قبول نہیں۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت فوری طور پر مضبوط، مؤثر اور شفاف نظام نافذ کرے۔ ہر مارکیٹ میں ریٹ لسٹ واضح طور پر آویزاں کی جائے۔ گوشت اور بیکری مصنوعات کی لیبارٹری ٹیسٹنگ اور معیار کی کڑی نگرانی ہو۔ قربانی کے جانوروں کے سرکاری نرخ مقرر کر کے سختی سے نافذ کرائے جائیں۔ خلاف ورزی کرنے والے عناصر کے خلاف مثالی کارروائی کی جائے تاکہ دوسروں کے لئے عبرت ہو۔

عوام اس وقت مشکل حالات کا سامنا کر رہے ہیں۔ ایسے میں حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ نہ صرف قیمتوں کو کنٹرول کرے بلکہ اشیائے خورونوش کے معیار پر بھی سمجھوتہ نہ ہونے دے۔ اگر یہ اقدامات بروقت نہ کئے گئے تو ناجائز منافع خور اپنی من مانی جاری رکھیں گے جس کا خمیازہ عوام کو اٹھانا پڑے گا۔

## بکھرتے ہوئے خاندان اور ابراہیمی اُسوہ



طاہر حُسین، ہری ہر

آج اکیسویں صدی میں جب ہم اپنے اردگرد نظر دوڑاتے ہیں تو مادی ترقی کے شور، بلند و بالا عمارات اور جدید ترین ٹیکنالوجی کے پیچھے ایک ہولناک اور خاموش بگاڑ صاف دکھائی دیتا ہے اور وہ بگاڑ ہے ہمارے ''خاندانی نظام کا زوال''۔ خاندان، جو کہ کسی بھی معاشرے کی مضبوطی کی بنیاد اور امن و سکون کا آخری گہوارہ ہوتا ہے، آج مادیت پرستی، خود غرضی اور عدمِ برداشت کی نذر ہوتا جا رہا ہے۔ کہیں میاں بیوی کا مقدس رشتہ معمولی انا کی قربان گاہ پر ذبح ہو رہا ہے تو کہیں بوڑھے والدین اور جوان اولاد کے درمیان ''جنریشن گیپ'' کی خلیج اتنی گہری ہو چکی ہے کہ باہمی مکالمہ ہی بارود بن جاتا ہے۔ ٹیکنالوجی نے ہمیں دنیا بھر کے اجنبیوں سے تو جوڑ دیا ہے، لیکن ایک ہی چھت کے نیچے رہنے والے اپنوں کو ایک دوسرے سے دور کر دیا ہے۔۔ ایک ہی گھر میں ہیں اب کتنے ہی گھر بنے ہوئے۔ اس سنگین صورتحال اور رشتوں کے اس قحط الرجال میں یہ سوال ہر دردمند دل میں پیدا ہوتا ہے کہ آخر اس بکھرتے ہوئے خاندانی نظام کو کیسے بچایا جائے؟ اس کا جواب ہمیں تاریخِ انسانی کے سب سے کامل، مثالی اور لازوال خاندان کے پاس ملتا ہے جس کی وفاداری اور ایثار کو اللہ تعالیٰ نے قیامت تک کے لئے انسانیت کا نصاب بنا دیا۔ یہ خاندان ہے ابوالانبیاء حضرت ابراہیم علیہ السلام اور ان کی عظیم رفیقۂ حیات حضرت ہاجرہ علیہا السلام اور ان کے فرمابردار صاحبزادے حضرت اسماعیل علیہ السلام کا۔

توکل، رشتوں کی مضبوطی کا پہلا ستون:۔

اس مثالی خاندان کی داستانِ حیات کا آغاز ہی مادی وسائل کی قربانی اور خُدا کی ذات پر غیر متزلزل یقین سے ہوتا ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو جب اللہ تعالیٰ کی جانب سے حُکم ملا کہ وہ اپنی بیوی حضرت ہاجرہ اور معصوم شیر خوار بچے اسماعیلؑ کو کوہِ صفا کی وادیوں میں چھوڑ آئیں، جہاں نہ پانی تھا نہ سبزہ اور نہ کوئی انسان، تو انہوں نے ایک لمحہ کی تاخیر کے بغیر حکمِ الٰہی کے آگے سرِ تسلیم خم کر دیا اور اپنے خاندان، ایک اکیلی عورت اور شیر خوار بچے کو اُس ویران وادی میں چھوڑ کر پیچھے مڑے بغیر واپس چل پڑے۔ اس کٹھن موڑ پر جب حضرت ہاجرہ نے اپنے شوہر سے پوچھا کہ کیا اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس کا حکم دیا ہے؟ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے پیچھے مُڑے بغیر 'ہاں' میں جواب دیا، اس جواب کو سُن کر اُس عظیم خاتون نے کسی شکوے یا دنیاوی خوف کا اظہار نہیں کیا، نہ ہی شوہر کو کوسا، بلکہ اُس وفادار خاتون نے وہ تاریخی جملہ کہا جسے دنیا قیامت تک بھلا نہیں سکتی۔ آپ نے کہا ''اللہ ہمیں ہرگز ضائع نہیں کرے گا'' آج کے بکھرتے خاندانوں کے لئے اس واقعے میں سب سے بڑا سبق ہے۔ میاں بیوی کا رشتہ صرف بینک بیلنس یا آسائشوں کے سہارے نہیں چلتا بلکہ یہ ایک دوسرے پر اعتماد اور خُدا پر توکل سے مضبوط ہوتا ہے۔ جہاں یہ یقین قائم ہو جائے، وہاں حالات کی سختی بھی رشتوں میں دراڑ نہیں ڈال سکتی۔

ممتا کی جدوجہد اور زم زم کا معجزہ:۔

شوہر کے رخصت ہونے کے بعد جب پانی کا مشکیزہ ختم ہو گیا اور معصوم بچے بھوک اور پیاس کی شدت سے تڑپنے لگا تو مائی ہاجرہ مایوس ہو کر ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھی نہیں، اور نہ ہی اپنے شوہر کے اس اقدام کے خلاف غم و غصہ کا اظہار کیا بلکہ اُس شدت کی گرمی میں صفا اور مروہ کی پہاڑیوں کے درمیان پانی اور قافلے کی تلاش میں چکر لگانے لگیں، یہ ایک ماں کی تڑپ اور انتھک انسانی جدوجہد تھی جسے ربِ کریم نے اس قدر پسند فرمایا کہ اس بے چین ماں کی اُس تڑپ کو محسوس کرنے کے لئے اس عمل (صفا و مروہ کی سعی) کو عبادت کا ایک لازم عمل بنا دیا جس پر آج بھی دنیا بھر کے کروڑوں انسان عمل کرتے ہیں۔ اسی صبر اور کوشش کے صلے میں اللہ تعالیٰ نے معصوم اسماعیلؑ کی ایڑیوں کے نیچے سے زم زم کا وہ معجزاتی چشمہ جاری کیا جو آج ہزاروں سال بعد بھی کروڑوں انسانوں کی پیاس بجھا رہا ہے۔ یہ واقعہ ثابت کرتا ہے کہ جب گھر کی عورتیں یا مائیں مشکل حالات میں صابر اور متحرک رہتی ہیں تو اللہ تعالیٰ ان کی نسلوں کے لیے غیب سے رزق اور عزت کے دروازے کھول دیتا ہے۔

تربیت کا علمی نمونہ، فرمابردار بیٹا:۔

جب حضرت اسماعیلؑ کی عمر اپنے بوڑھے باپ کو سہارا دینے کے قابل ہو رہی تھی، اللہ تعالیٰ نے اس مثالی اور وفادار خاندان کو ایک اور امتحان میں ڈالنے کا فیصلہ کیا۔ اور یہ امتحان تاریخ انسانی کا سب سے بڑا امتحان تھا۔ حضرت ابراہیمؑ کو خواب میں اپنے لختِ جگر کو اللہ کی راہ میں ذبح کرنے کا حکم ہوا۔ یہ حُکم ایسا تھا کہ آدمی خوف اور پریشانی کی حالت میں جھلاہٹ کا شکار ہو جائے، لیکن حضرت ابراہیمؑ نے اس نازک حالت میں بھی ایک شفیق باپ کا کردار ادا کیا اور اپنے بیٹے، اپنے نورِ نظر کو بلا کر نہایت محبت سے مشورہ طلب کیا ''اے بیٹے میں خواب میں دیکھتا ہوں کہ تمہیں ذبح کر رہا ہوں، تمہاری کیا رائے ہے؟'' جواب میں اس فرمابردار بیٹے حضرت اسماعیلؑ نے جو الفاظ کہے وہ رہتی دنیا تک کے نوجوانوں کے لئے مشعلِ راہ ہیں ''اے ابا جان! آپ کو جو حکم دیا گیا ہے اسے کر گزریں، انشاء اللہ آپ مجھے صبر کرنے والوں میں پائیں گے''۔ یہ جواب اس بات کی واضح دلیل تھا کہ کوہِ صفا کی اُن وادیوں میں مائی حاجرہ نے اپنے بیٹے کی صرف جسمانی پرورش نہیں کی تھی بلکہ اس کی روح میں ایمان، فرمابرداری اور والدین کا احترام کوٹ کوٹ کر بھر دیا تھا۔ اسی پر علامہ اقبال نے کہا تھا۔

یہ فیضانِ نظر تھا یا کہ مکتب کی کرامت تھی
سکھائے کس نے اسماعیل کو آدابِ فرزندی

جب باپ نے اپنی آنکھوں پر پٹی باندھی، بیٹے نے گردن جھکائی اور چھری چلنے لگی تو کائنات نے اطاعت کا وہ منظر دیکھا جس کی مثال نہیں ملتی۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے اخلاص کو قبول کرتے ہوئے غیب سے دنبہ بھیج دیا اور حضرت ابراہیمؑ اپنی وفاداری اور حضرت اسماعیلؑ اپنی فرمابرداری کے امتحان میں کامیاب ہو گئے۔ وہ یہی جذبہ ہے جس کی یاد ہم عیدالاضحیٰ پر مناتے ہیں۔

مشترکہ خاندانی مشن، تعمیرِ کعبہ:۔

اس خاندان کا ایک اور حُسن یہ تھا کہ ان کا ایک مشترکہ خاندانی مشن تھا۔ جب حضرت اسماعیلؑ جوان ہوئے تو دونوں باپ بیٹے نے مل کر خانہء کعبہ (بیت اللہ) کی دوبارہ تعمیر کی۔ بوڑھا باپ پتھر جوڑ رہا تھا اور جوان بیٹا اپنے کاندھوں پر پتھر اُٹھا رہا تھا۔ اور دونوں کی زبان پر عاجزانہ دعا تھی۔ ''اے ہمارے رب ہم سے یہ خدمت قبول فرما، بیشک تو ہی سننے والا اور جاننے والا ہے'' آج خاندانوں کے بکھرنے کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ ہر فرد کا مقصد الگ، اور جھوٹی شان حاصل کرنا مشن بن گیا ہے۔ اگر مقصد ایک اور مقصد رب کی رضا ہو تو گھر جنت بن جائے۔

آج ہمارے خاندانی نظام کی سب سے بڑی کمزوری یہ ہے کہ ہم نے حقوق کا مطالبہ کرنا تو سیکھ لیا ہے، لیکن فرائض اور قربانی کو بھول گئے ہیں۔ میاں بیوی ایک دوسرے سے مادی وسائل پر جھگڑتے ہیں اور اولاد والدین سے آزادی چاہتی ہے۔ فانی دنیا میں اتنا مگن ہیں کے بچوں کی تربیت کے لئے وقت ہمارے پاس نہیں ہے اور ہم تمنا کرتے ہیں کے اولاد فرمابردار بنے۔ ہم اپنے بکھرتے ہوئے خاندانوں کو بچانا چاہتے ہیں تو ہمیں اسوہ ابراہیمی کو اپنانا ہوگا۔ بیوی حضرت ہاجرہ کی طرح اللہ کے حکم پر صبر کرنے والی اور اپنے شوہر کی اطاعت، خُدا کی خوشنودی کے لئے کرنے والی بنے۔ شوہر کی غیر موجودگی میں اپنے گھر کو امانت کی طرح سنبھالے اور اپنے بچوں کی ایسی تربیت کرے کہ اولاد فرمابردار بھی ہو اور اللہ کی راہ میں اپنے آپ کو قربان کرنے کے لئے تیار بھی ہو۔ اولاد حضرت اسماعیلؑ کی طرح والدین کی اطاعت گزار ہو والدین کی خدمت گزار بنے۔ ایک مضبوط، مثالی اور پرسکون خاندان سیمنٹ اور گارے کی دیواروں سے نہیں بلکہ ایثار، محبت اور اطاعتِ الٰہی کے اصولوں سے بنتا ہے۔ جب تک ہم اپنے گھروں میں اس پاکیزہ اسوہ کو نافذ نہیں کریں گے ہمارا معاشرہ یونہی بکھرتا رہے گا۔

دلِ بینا بھی کر خُدا سے طلب
آنکھ کا نور دل کا نور نہیں

مکہ کی وادی، خانہ کعبہ، حج، زمزم، صفا مروہ قربانی۔ سب اسی ایک مثالی خاندان کی لازوال قربانیوں کی زندہ مثالیں ہیں جو ہمیں پکار پکار کر کہہ رہی ہیں کہ اگر رشتوں میں پائیداری اور زندگی میں سکون چاہیے تو انا کی چھری تلے اپنی خود غرضی کو ذبح کرنا پڑے گا۔ ایک انا تری انا، ایک انا 'اُس' کی انا۔ اس انا کو 'اُس' انا میں کر فنا۔

# اردو زبان و ادب

## برتری کے زعم سے ادبی زبوں حالی تک





محمد شاہد الاعظمی
ایم اے اردو، وشبلی نیشنل کالج اعظم گڑھ

اردو زبان اپنی شیرینی و لطافت اور تہذیبی وقار کے اعتبار سے برصغیر کی ایک اعلیٰ، ممتاز اور نمایاں زبان اور روشن و تابندہ پہچان رہی ہے، اس کے دامن میں میر و غالب کی نغمگی، سرسید کی فکری بصیرت اور شبلی و حالی کی ادبی حلاوت جلوہ فگن ہے، جس سے نہ صرف یہ کہ زبان و ادب کے میدان میں اسے بلند مقام و مرتبہ حاصل ہوا بلکہ اہل علم و ادب کے درمیان اسے کافی فروغ حاصل ہوا، مگر افسوس کی بات یہ ہے کہ آج یہی زبان اپنے بعض خود ساختہ علمبرداروں کی من مانی اور زعم برتری کی وجہ سے ادبی زبوں حالی کا شکار ہوتی جا رہی ہے۔

اصل مسئلہ وہاں جنم لیتا ہے جہاں کوئی شخص یا طبقہ اردو پر اپنی اجارہ داری قائم کرنے کی بیجا کوشش کرتا ہے اور اپنی محدود فہم کو معیار قرار دے کر دوسروں کی ادبی و لسانی کاوشوں کو کمتر ٹھہراتا ہے، نئی سوچ اور جدید رجحانات کو رد کرتا ہے اور زبان کو ایک جامد سانچے میں قید کرنے پر تل جاتا ہے۔ جس کے زیر اثر اردو، جو ایک زندہ اور ارتقائی زبان ہے، اس کی فطری روانی متاثر ہوتی ہے اور تخلیقی آزادی کا گلا گھٹنے لگتا ہے۔ یہ برتری کا زعم نہ صرف نئے لکھنے والوں کی حوصلہ شکنی کرتا ہے بلکہ زبان کے دائرے کو بھی محدود کرنے میں بہت حد تک معاون ہوتا ہے۔ جب چند افراد خود کو "اردو کا محافظ" سمجھ کر اپنی پسند و ناپسند کو معیار بنا لیتے ہیں تو نتیجتاً اختلاف رائے کی گنجائش ختم ہو جاتی ہے۔ ایسے ماحول میں ادب کی نشو و نما کے بجائے جمود پیدا ہوتا ہے اور زبان اپنی وسعت و ہمہ گیری کھو بیٹھتی ہے۔

مزید برآں، اس من مانی کا ایک نقصان یہ بھی ہے کہ اردو کو عام فہم بنانے کے بجائے اسے غیر ضروری پیچیدگیوں میں الجھا دیا جاتا ہے۔ ثقیل الفاظ اور فرسودہ تراکیب کو زبردستی مسلط کر کے زبان کو عوام سے دور کیا جاتا ہے، حالانکہ کسی بھی زبان کی بقا اسی میں ہے کہ وہ عوام کے گھر آنگن میں پلتی پھولتی رہے اور زمانے کے تقاضوں کے ساتھ پورے طور پر ہم آہنگ ہو۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ اردو زبان کو کسی فرد یا گروہ کی ملکیت سمجھنے کے بجائے ایک اجتماعی ورثہ تسلیم کیا جائے۔ اس کی ترقی کے لیے کشادہ دلی، وسعت ظرفی اور نئے رجحانات کو قبول کرنے کا حوصلہ پیدا کیا جائے۔ زبان کو جمود نہیں بلکہ ہر لمحہ حرکت و ارتقا کی ضرورت ہوتی ہے، اور یہی اس کی زندگی کی واضح اور ناقابل انکار علامت ہے۔

آخر میں یہی کہا جا سکتا ہے کہ اردو کی زبوں حالی کا سبب بیرونی عوامل سے زیادہ اندرونی رویے ہیں، جب تک ہم برتری کے زعم اور اجارہ داری کی سطحی سوچ سے باہر نہیں نکلیں گے، تب تک اردو اپنی حقیقی شان و شوکت کو دوبارہ حاصل نہیں کر سکتی۔ لہٰذا وقت کا تقاضا ہے کہ ہم اس زبان کو اختلاف کے بجائے اتفاق، اور تنگ نظری کے بجائے وسعتِ نظر کے ساتھ فروغ دیں، تاکہ دنیا کی دیگر زبانوں کی طرح اس کا بھی دائرہ وسیع سے وسیع تر ہوتا چلا جائے۔

آج ضرورت تو یہ ہے کہ اردو کے تمام لسانی پہلوؤں کو ادبی اور علمی انداز سے عوام و خواص کے درمیان اجاگر کیا جائے، اس کی لغات و تعبیرات کے محاسن کو جدید اسلوب نگارش میں اس طرح بیان کیا جائے کہ اس سے اس کی اہمیت کا پورا اندازہ لگایا جا سکے۔

اس تعلق سے اگر ایک طرف اپنے قدیم سرمائے کی حفاظت کی ضرورت ہے تو دوسری طرف جدید اصحاب قلم کی تربیت و حوصلہ افزائی کی بھی شدید ضرورت ہے، تاکہ نئی نسل میں بھی ایسے باکمال افراد تیار ہو سکیں جو اساطین ادب کے نقش قدم پر چل کر زبان و ادب کی نمایاں خدمت انجام دے سکیں اور چراغ سے چراغ جلتا رہے۔ تنقید بلاشبہ بہت اہم اور قابل قدر شے ہے، جس سے فن میں نکھار پیدا ہوتا ہے اور آئندہ کے لئے اس سے واضح رہنمائی حاصل ہوتی ہے۔

بقول فضا ابن فیضی:

تنقید سے فن اور نکھر جاتا ہے
بزدل ہے جو تنقید سے ڈر جاتا ہے۔

لیکن اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہے کہ اس کے ذریعے تنقیص کی جہتیں عام کی جائیں اور صاحب قلم کی اس درجہ حوصلہ شکنی کی جائے کہ اس پر منفی اثرات مرتب ہوں اور ہمت ہار کے جو کچھ آگے بڑھنے کا حوصلہ ہو اسے کھو بیٹھے، اگر ایسا ہے تو یہ زبان و ادب کا عظیم خسارہ ہو گا جس کی تلافی مشکل ہو جائے گی۔ لہذا نہایت فکرمندی کے ساتھ اس پہلو پر غور و فکر کی ضرورت ہے جو اکابر اصحاب قلم، مستند ادباء اور معتبر اہل فکر و نظر کے حسن توسط سے صحیح ڈھنگ سے پوری ہو سکتی ہے۔

